سلام کے بعد اظہار محبت و مسرت کا دوسرا ذریعہ مصافحہ ہے اور یہ سلام کے مقصد کی تکمیل ہے یمن کے لوگ جب مدینے آئے تو انہوں نے سلام کے بعد مصافحہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پسند فرمایا۔ اور اسے مسلمانوں کے درمیان محبت و اخوت کا ایک بہتر وسیلہ قرار دیا۔ محبت یا عقیدت کے جوش میں اگر کوئی مسلمان کسی محترم یا محبوب شخصیت کا کھڑے ہو کر استقبال کرے تو یہ فعل اسلام میں مباح ہے۔ اس کی مثال خود ہادی برحق سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ملتی ہے۔ چنانچہ یہ امر واقعہ ہے کہ جب حضرت فاطمہؓ خدمت نبویؐ میں حاضر ہوتی تھیں تو آپ از راہ محبت کھڑے ہو جاتے تھے ان کا ہاتھ چومتے تھے اور اپنی جگہ پر ان کو بٹھاتے تھے۔ یہ تمام طریقے محبت و الفت کے آئینہ دار ہیں ان میں کبر و نخوت کا کوئی شائبہ تک نہیں ہے۔ لیکن استقبال اور ادب و احترام کا وہ طریقہ جس میں غرور و تفاخر اور فضیلت و کبریائی کا مقصد پنہاں ہوتا ہے۔ اس کی اسلام نے سخت مذمت کی ہے اور اس سے احتراز کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسلام سے پہلے امیروں، بادشاہوں اور نوابوں کے ہاں ایسے آداب مقرر تھے جن میں مشرکانہ رنگ تھا۔ اور غلامانہ ذہنیت کا تصور تھا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قسم کے احترام کی سخت ممانعت فرمائی ہے۔ ملاقات کے لئے کسی کے گھر میں جانے کے لئے صاحب خانہ سے اجازت حاصل کرنا اسلام میں از بس ضروری ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم نے مسلمانوں کو اس طرح رہنمائی فرمائی ہے۔

"مسلمانو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں گھر والوں سے پوچھے اور ان سے اسلام علیکم کئے بغیر نہ جایا کرو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔"

(النور - ۲)

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کے گھر جاتے تھے تو دروازے کے سامنے نہیں کھڑے ہوتے تھے بلکہ دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوتے تھے تاکہ گھر کے اندر کی کسی چیز پر بھی نگاہ نہ پڑنے پائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اگر کوئی شخص بلا اجازت کسی کے گھر میں تاک جھانک کرے اور کوئی اس کی آنکھیں پھوڑ دے تو اس پر کچھ الزام نہیں۔ (ترمذی کتاب الاستیذان)

اسلام نے یہ ہدایت بھی کی ہے کہ کوئی شخص جب اپنے گھر میں داخل ہو تو سلام کر کے جائے۔ اس سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ اللہ کی رحمتیں آتی ہیں اور گھر کی عورتیں یا مہمان غیر محرم عورتیں آگاہ ہو جاتی ہیں۔

غرض اسلام نے ملاقات کے جو آداب سکھائے ہیں ان میں بڑی مصلحتیں اور بے شمار روحانی اور اخلاقی فوائد مضمر ہیں۔ سلام کرنے کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے کیا جا سکتا ہے کہ جب محسن انسانیت پیکر اخلاق حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو سب سے پہلے جو تعلیم آپ نے دی تھی وہ یہ تھی۔

"لوگو! باہم سلام پھیلاؤ۔ کھانا کھلاؤ اور جب تمام لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھو یہ سب کرو گے تو جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے"

(ترمذی۔ ابواب الزہد)

یہ ہیں اسلام میں ملاقات کے آداب۔ ان سے معاشرہ میں خیر و برکت آتی ہے مسرت و شادمانی آتی ہے۔ اخوت و محبت آتی ہے اور قلب و روح میں لذت و سرور پیدا ہوتا ہے۔

> "اسلام علیکم" میں رحمت کی بے پناہ دولت پوشیدہ ہے۔ یہ بظاہر دو لفظوں سے مرکب ہے یعنی "اسلام علیکم" لیکن ان الفاظ میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور رحمتوں کا...

پکوان

چٹنی بھرے شامی کباب

اشیاء قیمہ آدھ سیر، چنے کی دال آدھ پاؤ، کالی مرچ، لونگ، دار چینی تین ماشے، دانہ دار آدھی چھٹانک، سبز دھنیا، پودینہ، ایک گٹھی، کچا آم ایک عدد، سبز مرچ، نمک اور سرخ مرچ حسب ذائقہ، پیاز آدھ پاؤ، لہسن آدھ جوئے، انڈے تین عدد، گھی آدھ چھٹانک۔

ترکیب:- دال ایک گھنٹہ پہلے بھگو دیں دال اور قیمہ دھو کر ایک دیگچی میں ڈال لیں اور پانی ڈالیں کہ دال اور قیمہ ڈوب جائے۔ اس میں سا نمک سرخ مرچ اور لہسن بھی ڈال دیں جب گل جائے اور پانی خشک ہو جائے تو اتار لیں اور سل پہ باریک پیس لیں۔ آلو ابال لیں اور چھیل کر باریک پیس لیں۔ اب ایک پیاز کاٹ لیں۔ انار دانہ باریک پیس لیں۔ اب اس میں پیاز دھنیہ پودینہ سبز مرچ اور آم سب کچھ ڈال کر باریک چٹنی بغیر پانی کے بنا لیں۔ پیسے ہوئے مسالے میں انڈہ اور قیمہ ملا دیں نمک اور سرخ مرچ بھی حسب پسند ملا دیں اس کو اچھی طرح گوندھ لیں۔ تاکہ ایک سا ہو جائے اب ایک فرائی پین چولہے پر رکھ کر اس میں گھی ڈال دیں۔ شامی کباب کے لئے ٹکیاں بنائیں۔ ہر ٹکیہ میں آلو اور چٹنی کی چھوٹی سی گولی بنا کر رکھ دیں یہ کباب انڈے میں بھگو کر فرائی پین میں ڈالتے جائیں۔

(رحمانہ سید، مکھیالہ)

دال کا حلوہ

اشیاء چنے کی دال آدھ سیر، دودھ ۲ سیر، چینی ڈیڑھ پاؤ، گھی آدھ سیر، بادام آدھ پاؤ، پستہ ایک چھٹانک، الائچی، ناریل اور کشمش حسب ضرورت۔

ترکیب:- دال کو صاف کر کے بھگو دیں، جب وہ نرم پڑ جائے تو اسے چھان کر دیگچی میں ڈال دیں پھر اس میں دودھ کو ڈال دیں اب اس کو چولہے پر چڑھا دیں۔ اور چمچہ چلاتی رہیں۔ تاکہ دال دیگچی سے ساتھ نہ لگے جب دودھ بالکل خشک ہو جائے تو اس میں گھی کو ڈال دیں۔ اور بھونتی جائیں۔ دال کا رنگ جب سرخ ہو تو اس میں چینی اور بادام پستہ الائچی، ناریل اور کشمش وغیرہ ڈال دیں اب اسے بھونتی جائیے حتیٰ کہ دال کا رنگ بالکل سرخ ہو جائے اب اسے اتار لیں اور گرم گرم نوش فرمائیں۔

ہفت روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
شمارہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
سن لو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

سوویت بلاک

۱۹۵۶ء میں روسی ٹینکوں نے بلغراد کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ کیونکہ ہنگری نے روسی سامراج کے خلاف سر اٹھایا تھا۔ اسی طرح ۱۹۶۸ء میں چیکوسلواکیہ میں روس کے آہنی پنجے نے آزادی پسندوں کے منہ نوچ لیے تھے۔ ۱۹۷۸ء میں افغانستان میں بھی یہی ہوا۔ جب سردار داؤد کی خودمختاری کو چیلنج کر بیٹھنا آ گئی۔ برادر ممالک پاکستان، ایران اور سعودی عرب سے بڑھتے ہوئے تعلقات روسی قیادت کی آنکھوں کا شہتیر بن گئے۔ لہٰذا افغانستان کی سرزمین دس ہزار انسانوں کے خون سے لہو لہان ہو گئی۔

پیشتر اس سے کہ آہنی پنجے کا منحوس سایہ ہماری مقدس سرزمین پر پڑ جائے ہم اپنے ذہنوں کو ٹٹولیں۔ خود سے پوچھیں کہ کمیونزم کیا ہے۔ اور اس ازم کا سب سے بڑا داعی روس اپنی سرحدوں کے اندر کیا کردار ادا کر رہا ہے۔

آج تک ہزاروں انسان روسی استبداد سے چھٹکارا حاصل کرنے کی سعی میں دیوار برلن عبور کر چکے ہیں اور سینکڑوں اس کوشش میں کمیونسٹ گولیوں کا نشانہ بن گئے ہیں۔ اگر روس بنی نوع انسان کے لیے خیرخواہی کا اتنا ہی علمبردار ہے تو روسی بلاک میں اتنی کشمکش کیوں ہے؟ روسی بلاک میں شامل کسی بھی ملک کی اپنی آزاد خارجہ پالیسی نہیں ہے۔ بلکہ ان سارے ممالک کی اپنی قسمت کے فیصلے کریملن میں کیے جاتے ہیں۔ پورے وارسا پیکٹ ممالک میں سے کوئی فرد ایسی منشا سے ملک کی حدود سے باہر قدم نہیں رکھ سکتا۔ مغربی اور مشرقی جرمنی ایک ہی ملک کے دو حصے ہیں۔ لیکن عوام کی خوشحالی کے تناسب میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ مغربی جرمنی کی کرنسی دنیا کی مضبوط ترین کرنسی ہے۔ حتیٰ کہ تجارت میں وہ روس کو بھی پیچھے چھوڑ چکا ہے۔ اگر مشرقی جرمنی میں مزدور اور کسان کمیونسٹ حکومت کی زیر سرپرستی سکھ اور چین سے ہیں تو پھر یقیناً مغربی جرمنی

کے مزدور اور کسان بدحالی اور کسمپرسی میں ہوں گے۔ تبھی تو مشرقی جرمنی پر روسی تسلط قائم ہے اور دیوار برلن کا وجود ناگزیر ہو چکا ہے۔ لیکن اگر معاملہ برعکس ہے تو یہ ماننا پڑے گا کہ مزدوروں اور کسانوں کے لیے آنسو، مگرمچھ کے آنسو ہیں۔ اصل مقصد تو نوآبادیاتی نظام کی تجدید ہے۔ خواہ مشرقی جرمنی ہو، چیکوسلواکیہ اور ہنگری ہو یا افغانستان ہو۔ مزدوروں، کسانوں اور غریبوں کا درد ایک ڈھونگ ہے۔ کمیونسٹ شاعروں، مفکروں اور ادیبوں کی چیخ و پکار ایک فریب ہے۔ ایک دھوکہ ہے۔

ترقی پذیر ممالک میں مزدوروں اور کسانوں کی حالت زار پر گریہ و زاری کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی وارسا پیکٹ میں مظلوم، محکوم اور مفلس عوام کی آزادی کی ضرورت ہے۔

خود روس کے اندر سیاسی سرگرمیاں کس حد تک آزاد ہیں۔ دو کروڑ مسلمانوں میں سے کتنے خوش نصیب ہوں گے جنہیں عید کی نماز بھی میسر ہوتی ہو گی۔ کتنی سیاسی پارٹیاں جمہوریت کی بنیادوں پر مزدوروں اور کسانوں کے ووٹ حاصل کر کے روسی حکومت میں ان کی نمائندگی کرتی ہیں۔ روس اور دوسرے کمیونسٹ ممالک سے بھاگنے والے سیاسی پناہ گزینوں کی تعداد شاید پوری دنیا کے سیاسی پناہ گزینوں کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔

کریملن کی ہدایت کے مطابق اپنے نرم و گداز صوفوں پر بیٹھ کر ادیب اور شاعر آگ اور خون کا جو پیغام ترقی پذیر ممالک میں بھیج رہے ہیں، وہ شاید یہ نہیں جانتے کہ بغاوت کی آگ سب سے پہلے انہی کے گھروں کو خاکستر کرے گی اور انہیں سائبیریا بھاگنے کے لیے کوئی دیوار برلن عبور کرنے کی بھی مہلت نہ مل سکے گی۔

حسنی (بلڈراشو)

• پاکستانی ماہرین سے استفادہ!

ایک اخباری اطلاع کے مطابق حکومت نے بیرونی ممالک میں مقیم دو پاکستانی ماہرین کو مختصر سے عرصہ کے لئے وطن واپس بلا کر ان کی خدمات سے استفادہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان میں سے ایک ماہر پروفیسر قاسم اصفہانی اور دوسرا پلاننگ ڈویژن میں کام کرے گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ سائنس اور دوسرے بعض فنی شعبوں میں پاکستانی ماہرین علم و آگہی کے لحاظ سے کسی بھی ملک کے ماہرین کا مقابلہ کر سکتے ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ایسے بیشتر پاکستانی ماہرین بیرونی ملک دوسری اقوام کی خدمات انجام دینے میں مصروف ہیں۔ اس طرح پاکستان کا جوہر قابل ملک و قوم کے لیے مفید ثابت نہیں ہوا وہ دوسرے ملکوں کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اگر پاکستان میں ان کی خدمات سے استفادے کی منصوبہ بندی کی جاتی تو آج پاکستان کی تعمیر و ترقی کی صورت مختلف ہوتی۔ قومی حلقے عرصہ دراز سے ہی حکومت کی توجہ پاکستانی ماہرین کو وطن لا کر ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کی طرف مبذول کراتے رہے ہیں۔ لیکن اس پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ بلاشبہ اس ضمن میں ایک محکمہ قائم ہو چکا ہے اور متذکرہ دو ماہرین اس کے ایماء پر ہی وطن لائے جا رہے ہیں، لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم غیر ملکی ماہرین سے نجات حاصل کرنے کے لیے نیز اپنے ماہرین کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے ان کی وسیع پیمانے پر وطن کو واپسی کا کوئی منصوبہ تیار کریں یہ قومی تعمیر و ترقی کے علاوہ قومی غیرت کا بھی تقاضا ہے۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور

نوید بصیرت

میاں عبدالرشید

اندازِ جہانبانی!

حضرت فاروق اعظمؓ کے اندازِ جہانبانی نے دوست دشمن سب سے خراج تحسین وصول کیا۔ ایک بار جب کسی نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ اپنے آرام کا خیال رکھیں کیونکہ ان پر ساری مملکت کی ذمہ داری ہے، تو انہوں نے فرمایا: اگر تم یہ لوگ میرے ساتھ سفر پر جاؤ اور اچھا روپیہ پیسہ میرے پاس جمع کرا دو تاکہ میں راستے میں تمہارے کھانے اور رہائش کا بندوبست کروں، تو کیا تم اس بات کو پسند کرو گے کہ میں اپنے لیے اچھا کھانا پکواؤں، اچھی رہائش کا بندوبست کروں۔ اور تمہیں معمولی کھانا اور معمولی رہائش دوں؟ اس بات میں آپ نے حکمرانی کا سارا فلسفہ بیان فرما دیا ہے۔

آپ کا قول ہے: "عوام میں اس وقت تک بگاڑ پیدا نہیں ہوتا جب تک ان کے لیڈر ان سے سیدھے رہتے ہیں۔ جب تک حکمران اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ راستے پر چلتا رہتا ہے۔ رعایا اس کے پیچھے پیچھے چلتی ہے۔ لیکن جہاں اس نے پاؤں پھیلائے، رعایا اس سے پہلے پاؤں پھیلا دیتی ہے۔ اگر میرا عامل کسی پر ظلم کرے اور اس کی اطلاع مجھ تک پہنچ جائے، لیکن میں اس کے بعد بھی اس عامل کو تبدیل نہ کروں، تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ اس شخص پر ظلم میں نے کیا ہے۔"

عمال کو حکم تھا "سب کو ایک نظر سے دیکھو۔ رشتہ دار اور اجنبی میں کوئی امتیاز روا نہ رکھو۔ اگر تم نے رشوت لی۔ حکومت میں ذاتی غرض شامل کی۔ یا غصے میں لوگوں کو ستایا تو تمہیں اس کی سزا بھگتنی پڑے گی۔"

ایک دن حاضرین سے فرمایا "کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر میں نے اپنے علم کے مطابق بہترین آدمی کو تم پر عامل مقرر کر دیا، تو میں اپنے فرض سے عہدہ برآ ہو گیا؟" لوگوں نے کہا "جی ہاں!" فرمایا "نہیں۔ میں اس وقت تک اپنے فرض سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا جب تک میں دیکھ نہ لوں کہ جو کچھ میں نے حکم دیا تھا، اس پر عمل بھی ہو رہا ہے یا نہیں۔" اپنے عمال سے فرمایا کرتے تھے "ہم تمہیں والی بنا کر بھیجتے ہیں تاجر بنا کر نہیں بھیجتے۔"

فتو دھوبی کے سیاسی مشورے

مسلم لیگ کے عہدیداروں کو لائن حاضر کر دو

ہمارے کرم فرما جناب فتو دھوبی گزشتہ روز لاہور تشریف لائے تو چند منٹ کے لیے ہمارے دفتر میں بھی آ گئے۔ ملکی اور دیہاتی حالات و احوال پر تبادلہ خیالات کرنے کے بعد انہوں نے اخلاقی اور سیاسی موضوعات پر بھی چند مشورے دیئے۔ وہ ملک کی اور ملک کے سیاستدانوں کی سیاسی اور اخلاقی صورتحال کے بارے میں اتنے پریشان تھے کہ جناب علی مردان شاہ صاحب پیر پگاڑو بھی مسلم لیگ اور اس کی صدارت کے سلسلے میں اتنے رنجیدہ نہیں ہوں گے۔ انہوں نے مشورہ دیا ہے کہ ہمارا معاشرہ متانت کے ساتھ ہی ساتھ ہفتہ اصلاح سیاست بھی منایا جائے۔ بلکہ اگر ہفتہ اصلاح سیاستدانان کا اہتمام ہو سکے۔ تو ملک اور قوم کے لیے زیادہ مفید ہو گا۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمارے معاشرہ کو سیاستدانوں نے زیادہ خراب کیا ہے اس لئے ان کی ذاتی اور اخلاقی اصلاح سب چیزوں پر مقدم ہے۔ کیونکہ ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں۔ اور پھر یہ ہاتھی کے پاؤں میں تو سب کے ہاتھ پاؤں ہوتے ہیں۔ ہم نے عرض کیا کہ معاشرے کی اصلاح تو سیاستدان کر دیں گے لیکن سیاستدانوں کی اصلاح کون کرے؟ انہوں نے فرمایا معاشرہ۔ ہم نے عرض کیا سیاستدان تو معاشرے کی اصلاح تقریروں سے کرتے ہیں۔ معاشرہ ان کی اصلاح کس ہتھیار سے کرے؟ انہوں نے بلا سوچے سمجھے فوراً جواب دیا "جوتے سے"۔ ہم یہ جواب سن کر ہنس پڑے تو فرمایا "جوتا سب سے بڑا مصلح ہوتا ہے"۔ ہم نے پوچھا کہ مسلم لیگ کے دونوں دھڑوں میں لڑائی کس طرح ختم کی جا سکتی ہے؟ انہوں نے فرمایا "چلا عہدیداروں کو برطرف کر کے لائن حاضر کر دو۔" اور تحقیقات پر سیاست کے آئی جی ایئر مارشل اصغر خان کو لگا دو۔ وہ سب کا جھگڑا ختم کر دیں گے عہدیدار۔ ... عہدے کی وجہ سے ... کرتے ہیں عہدہ ہو گا ہی نہیں تو جھگڑا کیا؟

ہے۔ جناب ایئر مارشل اصغر خان کا ذکر خیر آیا۔ تو ہم نے عرض کیا کہ وہ تو فرماتے ہیں کہ "تحریک استقلال پسماندہ علاقوں کا معیار زندگی بلند کرے گی"۔ وہ زیر لب مسکرائے اور فرمایا "میری طرف سے انہیں کہہ دو کہ وہ پہلے پسماندہ سیاست کا معیار استقلال تو بلند کریں۔ ورنہ پسماندہ علاقے مزید پسماندہ ہو جائیں گے"۔ ہم نے خان عبدالغفار خان کے ولی عہد جناب عبدالولی خان کی سیاست کے بارے میں کچھ ارشاد فرمانے اور سمجھانے کی درخواست کی تو انہوں نے سوال جواب دیا۔ "کون سا عبدالولی خان۔ اس ملک میں بہت سے ولی خان ہیں"۔ ہم نے عرض کیا کہ سیاست کا عبدالولی خان، ہم سیاست کے بارے میں پوچھ رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا "میں کسی ایک ولی خان کی سیاست کو نہیں جانتا، میں کسی ایک سیاسی ولی خان کو پہچانتا ہوں۔ ایک ولی خان تو وہ ہے جو چار سدہ کی مسجد بلکہ مساجد میں دینی تعصبات دیا کرتے ہیں۔ ایک خان عبدالولی خان وہ ہیں جو صدر مملکت سے ملاقات کیا کرتے ہیں۔ اور ملکی مفاد کی خاطر بین الاقوامی

دید شنید

سیاست کے بارے میں اپنی مفید مفید مشورے دیا کرتے ہیں۔ ایک خان عبدالولی خان وہ ہیں جو اسلام آباد اور لاہور میں پاکستان کو بچانے کے لئے سرگرم تقریر ہو گئے ہیں ایک عبدالولی خان وہ ہیں جن پر وطن دشمنی کا الزام تھا۔ اور وہ پنجاب میں آ کر اس الزام کو جھوٹا قرار دیا کرتے تھے۔ وہ عبدالولی خان کی مرحوم شادی میں مصروف تھے"۔ ہم نے عرض کیا کہ یہ سب ایک ہی عبدالولی خان ہیں۔ انہوں نے فرمایا "یہ کیسے ہو سکتا ہے ایک شخص کے اتنے چہرے ہوں؟" ہم خاموش ہو گئے۔ خان عبدالولی خان کی بابت فتو دھوبی کی بڑی عزت ہے۔ جب وہ اٹھ کر جانے لگے تو ہم نے بعض نامناسب مشورت ہونے کے بعد آخری سوال کیا کہ مسلم لیگ کی تقسیم سے سب سے زیادہ نقصان کس کو ہو گا؟ انہوں نے جواب دیا "فتو دھوبی کو"۔ وہ اٹھ کر چلے گئے۔ اور ہم دیر تک سوچتے رہے مسلم لیگ کمزور ہو گی تو اقتدار کمزور ہو گا۔ حکومت کمزور ہو گی تو عوام کمزور ہوں گے۔ اور پھر وہ لوگ بے اتفاق کیا کہ سب سے زیادہ فتو دھوبی کمزور ہو گا۔

ہنرمندی

جو فاصلہ کر لیا ہے باہم قائم
وہ لگ رہا ہے بلا زیادت و کم و بیش قائم
کیسا کرسی کیوں کر پذیر منزلت ہے
اللہ اللہ! کیسا ہنرمندی ہے



فرمودہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

تری دوا نہ جنیوا میں ہے نہ لندن میں
فرنگ کی رگِ جاں پنجۂ یہود میں ہے!
سنا ہے میں نے غلامی سے امتوں کی نجات
خودی کی پرورش و لذتِ نمود میں ہے

(ضربِ کلیم)

قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

آج کراچی پاک سرزمین ہے اسلامی جمہوریت اسلامی معاشرتی انصاف اور انسانی مساوات کے اصولوں کے احیاء اور فروغ کی پاسبانی کرتی ہے اس اہم کام کے لیے آپ کو ہر وقت ہر دم تیار اور ہوشیار رہنا پڑے گا ایمان نظم و ضبط اور بے لوث فرض شناسی کے اپنے اصولوں پر کاربند رہیے تو کوئی شے ایسی نہیں جو آپ حاصل نہ کر سکیں۔

(از خطاب پٹھانوں سے خطاب کراچی ۔ ۱۹۴۸ء)

پاکستان مسلم لیگ اور پگارا گروپ میں اختلافات ختم کرانے کیلئے قومی اتحاد نے مصالحتی کمیٹی قائم کر دی

نصراللہ خان اور میاں طفیل محمد پر مشتمل کمیٹی مفتی محمود کو رپورٹ پیش کریگی

قومی اتحاد کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس میں صوبائی حکومتوں کیلیے نامزدگی کا مسئلہ زیر غور نہیں لایا گیا

راولپنڈی ۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان قومی اتحاد کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی نے پاکستان مسلم لیگ کے دو متحارب گروپوں میں مصالحت کرانے کے لئے نوابزادہ نصراللہ خان اور میاں طفیل محمد پر مشتمل دو رکنی کمیٹی قائم کر دی ہے ...

مقدمے کی منصفانہ سماعت ہو رہی ہے

بھٹو سپریم کورٹ کے ججوں کے رویئے کے بارے میں مطمئن ہیں: یحییٰ بختیار

فیصلہ دسمبر کے آخر یا جنوری کے شروع میں سنا دیا جائے گا

مصطفیٰ کھر اور پیپلز پارٹی کے دیگر مفرور لیڈروں کو واپس لا کر ان کے خلاف مقدمات چلائے جائینگے: جاوید ہاشمی

Travel Kings Ltd.

آپ کی بہتر خدمت کے لیئے ہم نے اپنا دفتر شہر کے بہترین علاقہ میں منتقل کر دیا ہے۔

نیا پتہ اور فون نمبر نوٹ فرمالیجئے۔

TRAVELKINGS LTD.

183 Elizabeth St., Lucliff Place

Toronto M5G 2B5

593-1487

آپ کی مزید خدمت کے لیئے ایک اور قدم!

INTERCON TRADERS

آپ کے لیئے

Massey Furguson اور Fiat Tractor

بُک کر سکتا ہے۔ نئے قانون کے مطابق ہر پاکستانی اپنے دوست احباب اور اہل خاندان کو ایک یا ایک سے زائد ٹریکٹر پاکستان بھیج سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیئے فون کیجئے یا خط لکھیئے۔

Intercon Traders 183 Elizabeth St.

593-1558

چین کی امداد نے پاکستان کی ترقی کے لیے ٹھوس بنیاد فراہم کی ہے: پروفیسر غفور احمد

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) چین کی امداد پاکستان کی اقتصادی ترقی میں نہایت اہم کردار ادا کرے گی۔ اس خیال کا اظہار وفاقی وزیر صنعت و پیداوار پروفیسر غفور احمد نے ...

ہمیں قومی اتحاد کی مصالحتی کمیٹی کا فیصلہ منظور ہوگا: ظہور الٰہی

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ...

مفتی محمود کے نام تہنیتی تار

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ...

بیگم بھٹو کی شکایت

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرمین بیگم نصرت بھٹو ...

دودھ مکھن پر پلے ہوئے شاعر

مشاعرے تو ہوتے ہی رہتے ہیں، لیکن سچ پوچھیں تو جو لطف پنجابی مشاعرے میں ہے، وہ اردو مشاعرے میں نہیں ...

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

Bus. (416) 636-2512 — Nights 292-9228

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.

Accountant

Afzal Bookkeeping Co.

SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

Golden Mile گولڈن مائیل

CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۹ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!

نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجئے۔

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

پیر پگارو کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک

چوہدری محمد حسین چٹھہ کو مسلم لیگ کا نیا صدر منتخب کر لیا گیا

اجلاس میں ۲۲۵ میں سے ۱۸۰ کونسلر شریک ہوئے

۳۰ اپریل ۱۹۷۹ تک ہر سطح پر جماعت کے انتخابات مکمل کر لیے جائیں گے، سیکرٹری جنرل ملک قاسم

لاہور ۔۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل ملک محمد قاسم کی طرف سے طلب کردہ مرکزی کونسل کے اجلاس میں آج پیر صاحب پگارو کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک متفقہ طور پر منظور کر لی گئی اور اس کے بعد کونسل نے چوہدری محمد حسین چٹھہ کو پاکستان مسلم لیگ کا نیا صدر منتخب کر لیا۔ پاکستان مسلم لیگ کی مرکزی کونسل کا یہ اجلاس آج صبح یہاں ساڑھے گیارہ بجے شروع ہوا۔

خواجہ محمد صفدر، چوہدری ظہور الٰہی، مسٹر فدا محمد خان اور میاں عابد علی نے جو کونسل کے رکن ہیں اجلاس میں شرکت کی۔ ملک کے تین صوبوں سے ۱۸۰ کونسلر اجلاس میں شریک ہوئے۔

واضح رہے کہ پاکستان مسلم لیگ کی مرکزی کونسل کے کل ۲۲۵ رکن ہیں۔ مسلم لیگ کے مرکزی نائب صدر خواجہ خیر الدین نے اجلاس کی صدارت کی۔ کراچی کے مسٹر زین نورانی نے مسلم لیگ کے صدر پیر پگارو کے خلاف پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں عدم اعتماد کی تحریک پیش کی جو ہر اراکین کی جانب سے پیش کی گئی تھی اور جس کی بنیاد پر کونسل کا اجلاس آج طلب کیا گیا تھا۔ سرحد مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل سید صفدر حسین، مسلم لیگ کے نائب صدر نواب مظفر حسین، پنجاب مسلم لیگ کے صدر خواجہ محمد صفدر، وفاقی وزیر خواجہ محمد صفدر، سالار علم دین اور ڈاکٹر زاہدہ نے قرارداد کی تائید کی اور بارہ بجکر

پانچ منٹ پر کونسل نے متفقہ طور پر یہ عدم اعتماد کی تحریک منظور کر لی۔ کہ اس کے بعد سرحد کے سید صفدر حسین شاہ نے چوہدری محمد حسین چٹھہ کا نام صدارت کے لیے پیش کیا۔

کراچی کے مسٹر ارشاد احمد، سندھ کے نواب مظفر حسین بھلایا، کے میاں نظام الدین حیدر، بلوچستان کے مسٹر اقبال جابان اور ڈاکٹر میاں نظام الدین حیدر، پنجاب خواتین مسلم لیگ کی جنرل سیکرٹری بیگم غلام حیدر وائیں، پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری مالیات سید منصور شاہ، چادر فاروق، خواجہ صفدر، چوہدری ظہور الٰہی، مسٹر فدا محمد خان، میاں عابد سرفراز، مرکزی کونسل کے مسٹر زین نورانی، مسٹر آزاد بن حیدر، مسٹر شفیق بٹ، امیر عبداللہ روکڑی، مسٹر غلام دستگیر، مسٹر ارشاد، صاحبزادی محمودہ بیگم، بیگم منیر علی، ڈاکٹر زاہدہ، مسٹر سید الحق صدیقی، کاظم علی شاہ، نواب ذوالفقار، مسٹر خالد بٹ شامل ہیں۔

ملکہ زہرا حضرت امام حسینؓ کی شہادت گاہ پر ایران کا بحران ختم ہونے کے لیے منت مان رہی ہیں

بیگم نصرت بھٹو کو مقدمہ کا فیصلہ ہونے تک سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے روک دیا گیا

لندن ۔۔۔۔ (بی بی سی) بیگم نصرت بھٹو سے آج ایک حکم کی تعمیل کرائی گئی ہے جس کے تحت انہیں سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے اس وقت تک کے لیے روک دیا گیا ہے جب تک کہ ان کے بارے میں قابل دست اندازی دینے والا ٹریبونل کوئی فیصلہ نہیں کرتا۔ ان سے جو حکم کی تعمیل کرائی گئی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ وہ قانون کے تحت ٹریبونل کے فیصلے تک سیاسی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتیں۔

بھٹو کی پہلی بیوی کو ملاقات کی اجازت دے دی گئی

راولپنڈی ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی پہلی بیوی کو ان کے ساتھ ملاقات کی اجازت دے دی ہے۔ اس سے قبل بھی وہ ایک مرتبہ مسٹر بھٹو سے ملاقات کر چکی ہیں۔

ایک ارب ۴۱ کروڑ روپے سے ٹریکٹر سازی کا کارخانہ قائم کیا جائے گا

قومی اقتصادی کونسل نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور بہت سے دوسرے منصوبوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اپ پ) قومی اقتصادی کونسل کی انتظامی کمیٹی کا اجلاس کل یہاں منعقد ہوا جس میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے قیام کی منظوری دی گئی جس پر ۵۱ کروڑ ۲۹ لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ اس پراجیکٹ کے تحت دور دراز کے علاقوں میں تعلیمی سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔ ان سے استفادہ کرنے والے طلبا کو سرٹیفیکیٹ دیے جائیں گے۔ تحریری کورسوں کے علاوہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے بھی تعلیم دی جائے گی اور دور دراز کے علاقوں کو پہنچائی جائے گی۔

اندازہ ہے کہ ۱۹۸۳ تک ۱۲۵۰۰۰ طالب علم مختلف قسم کے کورسوں میں داخل ہو سکیں گے۔

کمیٹی نے ملک میں ٹریکٹر سازی کا ایک کارخانہ لگانے کی منظوری دی جس پر ایک ارب ۴۱ کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ ۱۵ کروڑ ۴۳ لاکھ روپے زر مبادلہ کی شکل میں مہیا کیے جائیں گے۔ یہ کارخانہ پاکستان ٹریکٹر کارپوریشن لمیٹڈ اور میسرز میسی فرگوسن کے تعاون سے لگایا جائے گا۔ ابتدا میں دس ہزار ٹریکٹر سالانہ تیار کیے جائیں گے جن کے نام کل پرزے پاکستان میں تیار ہوں گے۔ یہ کارخانہ شیخوپورہ میں لگایا جائے گا۔ کمیٹی نے اسلام آباد میں پارلیمنٹ کی نظرثانی شدہ عمارت کی تعمیر کی منظوری دے دی ہے۔ کمیٹی نے سیکرٹریٹ کے کامپلیکس کی تعمیر نیز چترال اور سوات میں سڑکوں کی تعمیر کی منظوری بھی دی۔ اقتصادی کونسل نے ملتان میں یونیورسٹی کی عمارت کی نظرثانی شدہ سکیم کی بھی منظوری دے دی ہے۔ علاوہ ازیں اسلام آباد اور لاہور میں سرکاری ملازمین کے لیے دو دو منزلہ بلاک تعمیر کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔ واپڈا انجنوں کی تبدیلی کرنے کے ایک کارخانہ خیرا گلی میں کھولنے اور دوسرے ہری پور اور ڈگری میں خوردنی تیل کا پلانٹ لگانے کی منظوری بھی دی گئی۔

اور ہزارہ ڈویژن میں چھوٹے کارخانے لگانے کی منظوری بھی دی گئی۔ کمیٹی نے ٹیکسٹائل انڈسٹریل اسٹیٹ کی بھی منظوری دی۔ ملتان کاٹن ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کے لیے کراچی میں ایک تربیتی مرکز قائم کرنے کی بھی اجازت دے دی گئی۔

پاکستان مسلم لیگ کی صدر دفتر کی عمارت پر مکمل قبضہ

دفتر میں داخل ہونے والوں کی کڑی جانچ پڑتال کی جاتی ہے

پگارو گروپ نے سابق کراچی صدر دفتر کا قبضہ دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کی ہے

لاہور ۔۔۔۔ (وقائع نگار) ۲۳ سلطان آغا خان روڈ (ڈیوس روڈ) پر واقع پاکستان مسلم لیگ کے صدر دفتر پر جماعت کی مرکزی تنظیم نے مکمل قبضہ کر لیا ہے۔ آج فضل قادر ہاؤس کے دفتری گیٹ بند تھے، اندر داخل ہونے والے گیٹ پر مسلم لیگی رضا کار متعین ہیں جو جانچ پڑتال کے بعد لوگوں کو دفتر میں داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں اور دفتر سے باہر نکلنے والا گیٹ مقفل کر دیا گیا ہے۔

پاکستان مسلم لیگ کے صدر دفتر میں پاکستان قومی اتحاد نے بھی کرایہ پر دو کمرے لے رکھے ہیں اور ان کمروں میں قومی اتحاد کا مرکزی دفتر ہے۔ تاہم قومی اتحاد کے دفتر تک پہنچنے کے لیے مسلم لیگی رضا کاروں کو اپنی شناخت کے متعلق مطمئن کرنا پڑتا ہے۔ رکھا گیا ہے کہ تاہم کے حامیوں نے ۲۷ نومبر کو بھی دفتر پر قبضہ

کر لیا تھا۔ اس دفتر کے دو کمروں میں سے ایک پر جائنٹ سیکرٹری رانا محمد اشرف کا قبضہ تھا اور دوسرا کمرہ پنجاب میں خواتین مسلم لیگ کی آرگنائزر مسز شاہین عتیق الرحمان کے قبضے میں تھا۔ ۲۰ نومبر کو جب شاہین عتیق اور رانا اشرف کراچی میں مجلس عاملہ اور کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے روانہ ہوئے تو ملک قاسم کے کارکنوں نے ان کمروں کے تالے توڑ کر انہیں اندر سے مقفل کر دیا۔ مسلم لیگ ویمن فیڈریشن کے کمرے پر بھی ۲۷ نومبر کو ہی قبضہ کر لیا گیا اور ۲ دسمبر کو کونسل کے اجلاس کے بعد مسلم لیگ کا مرکزی دفتر باقاعدہ طور پر ملک محمد قاسم کے حامیوں کے قبضے میں ہے۔ آج صبح جب اخبار نویس فضل قادر ہاؤس پہنچے تو انہیں بھی روک لیا گیا مگر جب وہاں موجود ایک کونسلر نے انہیں شناخت کیا تو اندر جانے کی اجازت ملی۔ مسلم لیگی حلقوں کے مطابق یہ حفاظتی اقدامات پیر پگارو کی مسلم لیگ کی طرف سے ممکنہ "حملے" سے بچاؤ کے لیے کیے گئے ہیں۔

زکوٰۃ اور عشر کے بارے میں ماہرین کی رپورٹ ایک ماہ میں مکمل ہو جائے گی: انصاری

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اپ پ) مذہبی امور کے وفاقی وزیر مولانا ظفر احمد انصاری نے کہا ہے کہ حکومت زکوٰۃ اور عشر کے نظام کو اولیت دے رہی ہے اور اس سلسلے میں ماہرین کی رپورٹ ایک ماہ کے عرصے میں مکمل ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ زکوٰۃ اور عشر کے نفاذ کے بعد کسی کا استحصال ممکن نہیں رہے گا۔ وہ ایک استقبالیہ سے خطاب کر رہے تھے جو شہری ایجنسی نے ان کے اعزاز میں دیا تھا۔

نئے سنسر کوڈ کے تحت

گراسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ فہرست کے لیے لکھیں

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیے ہمیں لکھئے یا فون کیجئے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک ۔۔۔ TechnoPak ۔۔۔ کے نام لکھئے اور اس پتے پر بھیجئے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones: (416) 497 9623, 493 4374)

پاکستانی حضرات کی توجہ کے لیے

Going to Pakistan?

Book your Orders

Under PERSONAL BAGGAGE or GIFT SCHEME for world famous and popular

FIAT Agricultural TRACTORS.

We can also offer other profitable items under above Scheme.

For Further Details and Latest Information Please Contact:

AROMA IMPEX.

Importers, Exporters & Indenting Agents.

1165A Bloor St. West, TORONTO (Canada) M6H 1M9

PHONES: Off.: (416) 532-4421

Evngs.: (416) 745-4864

Cables: GULBARG Toronto.

WINTER TUNE-UP

10,000 Miles or 10 Months
Guaranteed from
DAR AUTO - 652-1262

4 cyl. $29.55; 6 Cyl. $35.55;
8 Cyl. $41.55

PARTS & LABOUR
Please call for more information

DAR AUTO
Phone 652-1262

مسلم لیگ کے دھڑوں میں مفاہمت کے بعد وفاقی کابینہ میں مسلم لیگی وزراء کی تعداد بڑھا دی جائے گی

بحران ختم ہونے تک قومی اتحاد صوبائی حکومتوں اور بلدیاتی اداروں میں نامزدگی کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کرے گا

عام انتخابات میں پیپلز پارٹی کو سندھ میں عبرتناک شکست دی جائے گی: تالپور

بھٹو کے خلاف قتل کے مزید کئی مقدمات قائم کیے جا سکتے ہیں

اب کوئی طاقت ملک کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہو سکتی



پاکستان میں عام انتخابات اگلے سال کی آخری سہ ماہی میں ہوں گے

موجودہ حکومت عوام کے منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنا چاہتی ہے ۔ محمود اعظم فاروقی

اغوا کے الزام میں قید اور کوڑوں کی سزا

یوسف تالپور کو نااہل قرار دے دیا گیا

Reconditioned cars from Japan

TOYOTA–DATSUN–MAZDA

We ship completely reconditioned cars directly from Japan duely inspected for export by the Japan Automobile Association under control of Japanese Govt.

You can now take a car home to Pakistan after 6 months stay or send gift to your family after two years.

In addition, we ship complete range of 220 volt 50 HZ electrical appliances like TVs, Refrigerators, Washing Machines, Air Conditioners, Sewing Machines etc direct to your homeland.

For more detail, please contact:

The most repuated name for personal export in North America



AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St.,W.,Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 791-8496

ٹورانٹو کی جامع مسجد میں پاکستان کے وزیر اطلاعات و نشریات جناب محمود اعظم فاروقی کا جلسۂ عام سے خطاب
فوٹو: حمید ربانی

مُلک بھر میں راشننگ کا نظام ختم کر دیا جائے گا

صدر اس ضمن میں پہلے ہی حکم جاری کر چکے ہیں

فیصل آباد ـــــ (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت راشننگ سسٹم ملک بھر سے ختم کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے تاہم یہ امر بہ اول تصفیہ طلب ہے کہ کب اور کس طرح سے اس نظام کو ختم کیا جائے گا۔ حکومت خوراک کے ایک ذریعہ کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ صدر اور چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر اس ضمن میں پہلے ہی حکم جاری کر چکے ہیں کہ راشننگ کا نظام کر ختم کر دیا جائے تاہم اس بارے میں ... ساتھ جس کا جلد ہی اعلان کر دیا جائے گا۔

گبول کے خلاف بدعنوانیوں کا مقدمہ فوجی عدالت کے سپرد کر دیا گیا

کراچی ـــــ (ریڈیو رپورٹ) سابق رکن اسمبلی عبدالستار گبول کے خلاف سنگین بدعنوانیوں کا مقدمہ سمری ملٹری کورٹ کی فوجی عدالت کے سپرد کر دیا گیا۔ انہیں پہلے ہی سات سال کے لیے اسمبلیوں کا انتخاب لڑنے کا نااہل قرار دیا جا چکا ہے۔

احتساب کا عمل آئندہ سال اپریل تک مکمل کر لیا جائے گا

صوبائی حکومتوں کی تشکیل میں کوئی تاخیر نہیں ہوئی

نااہل قرار پانے والے افراد میں سے ناجائز ذرائع سے دولت جمع کرنے والوں کی جائیداد ضبط کر لی جائے گی اور انہیں قید اور جرمانے کی سزا دی جائے گی

مسلم لیگ کا بحران پارٹی کی تنظیم اور حکومت پر اثر انداز ہو سکتا ہے : صدر ضیاء

سکھر ـــــ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ حکومت احتساب کے عمل کو آئندہ سال اپریل تک مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے ...

پیپلز پارٹی کو ختم کرنے کی کوششیں ناکام ہو چکی ہیں : بیگم بھٹو

وقت جلد آئے گا جب پارٹی کامیاب ہوگی

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرمین بیگم نصرت بھٹو نے کہا ہے کہ وہ وقت جلد آئے گا جب پیپلز پارٹی کامیاب ہوگی ...

سوڈان پاکستان کے تجربات سے فائدہ اٹھائے گا

لاہور ـــــ (اے پی پی) سوڈان کی صنعتی بنک کے ٹیکنیکل مشیر اور سوڈان کے تین رکنی تجارتی وفد کے لیڈر ... نے کہا ہے کہ ان کا ملک پاکستان کے ٹیکنیکل تجربات اور مشاورتی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔

مرتضیٰ بھٹو اور کھر کی نئی ڈرامہ آرائی

یہ مکتوب وصول ہونے سے پہلے یہ خبر شائع ہو چکی ہے کہ ۲۵ نومبر کو ڈرامہ جس کا بڑی دھوم دھام سے اعلان کیا گیا تھا فلاپ ہو چکا ہے۔ بہرحال قارئین کو پس منظر سے آگاہ کرنے کے لئے یہ مکتوب شائع کیا جا رہا ہے۔ (ادارہ)

برطانیہ سے مکتوب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL *At*
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

کیپٹل ٹریول اور کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کنٹینر کے لیے آج ہی فون کریں۔

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE
Toronto: (416)465-5411
Windsor: (519)256-0654
Detroit: (313)963-3965
Columbus, Ohio (614)457-3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

مقابلے دلچسپ رہے

(از : جمیل ناصر۔ لاہور)

[illegible]

پاکستان کی کرکٹ ٹیم کا بیٹنگ ریکارڈ

نمبر شمار	نام کھلاڑی	ٹیسٹ	اننگز	مجموعی سکور	زیادہ سے زیادہ	اوسط	وکٹیں	سنچریاں	نصف سنچریاں	ناٹ آؤٹ
۱	ظہیر عباس	۳	۵	۵۸۳	۲۳۵*	۱۹۴.۳۳	—	۲	۱	۲
۲	جاوید میاں داد	۳	۵	۳۵۷	۱۵۴*	۱۷۸.۵۰	۱	۲	۱	۳
۳	عمران خان	۳	۴	۱۰۴	۳۲	۲۶.۰۰	۱۴	—	—	[illegible]
۴	مشتاق محمد	۳	۳	۱۵۰	۷۸	۵۰.۰۰	۹	—	۲	—
۵	آصف اقبال	۳	۶	۱۹۸	۱۰۴	۳۹.۶۰	—	۱	—	۱
۶	ماجد جہانگیر	۳	۶	۲۲۲	۸۹	۳۷.۰۰	—	—	—	—
۷	وسیم راجہ	۲	۳	۹۸	۵۸	۳۲.۶۶	۳	—	۱	—
۸	وسیم باری	۳	۳	۹۱	۸۵	۳۰.۳۳	—	—	۱	—
۹	صادق محمد	۱	۲	۵۷	۴۱	۲۸.۵۰	—	—	—	—
۱۰	سرفراز نواز	۳	۳	۶۹	۳۵	۲۳.۰۰	۱۷	—	—	—
۱۱	سکندر بخت	۳	۲	۳۹	۲۲*	×	۳	—	—	۲
۱۲	اقبال قاسم	۳	۱	۲۹	۲۹*	×	۲	—	—	۱
۱۳	سلیم الطاف	۱	×	×	×	×	۱	×	×	×

* یہ علامت ناٹ آؤٹ کی نشاندہی کرتی ہے

(از : محمد حیات خان لاہور)

حالیہ پاک بھارت ٹیسٹ سیریز
چند یادگار باتیں

(۱) پاکستان بھارت کی موجودہ سیریز میں پاکستان نے پوری بھارتی ٹیم کو ہر بار مکمل طور پر آؤٹ کیا جب کہ بھارتی ٹیم پوری پاکستانی ٹیم کو ایک بار بھی آؤٹ نہیں کر سکی۔

(۲) لاہور ٹیسٹ میں بھی پانچویں روز لنچ ٹائم تک انڈیا کے چھ کھلاڑی آؤٹ تھے اور کراچی ٹیسٹ میں بھی لنچ کے وقفے پر چھ کھلاڑی آؤٹ تھے۔

(۳) کراچی ٹیسٹ میں پاکستانی بالروں نے اپنے سابقہ سکور ریکارڈ کو بہتر بنایا اور ۴۸۱ رنز سے زیادہ سکور کیا۔

(۵) اس ٹیسٹ سیریز کے بعد گواسکر جنہیں بہترین اوپنر تصور کیا جاتا تھا ایک ٹیسٹ کی دونوں اننگز میں سنچری بنانے ...

(۶) کراچی ٹیسٹ کے بعد پاکستان نے نہ صرف کلین سویپ ...

... کر دکھایا بلکہ ایک سیریز کی فتح بھی حاصل کر لی۔

(۷) بھارتی ٹیم کے مایہ ناز بیٹسمین چندر شیکھر نے پوری سیریز میں صرف ۳ رنز بنائے۔

(۸) اس پوری ٹیسٹ سیریز میں ماجد خان کسی بھی اننگز میں ۵۰ رنز نہیں بنا سکے۔

(۹) کراچی ٹیسٹ میں ایک اننگز میں سکندر بخت نے ایک اوور میں ۱۹ رنز دیئے۔ اور دوسری اننگز میں چھ اوورز ۱۴ رنز دیئے۔ یہ اس ٹیسٹ سیریز کے ایک اوور میں زیادہ سے زیادہ سکور کا ریکارڈ ہے۔

(۱۰) کراچی ٹیسٹ میں کھیل کے آخری روز بھارتی کپتان بیدی نے بھی ایک اوور میں ۱۹ رنز دیئے جو صرف ظہیر عباس سے ...

رات ایک بجے کے قریب پولیس ہمارے گھر میں گھس کر توڑ پھوڑ کی

فاروق بندیال نے دھمکی دی کہ مقدمہ واپس نہ لیا تو ہمارے بچے کو کوئی مار دی جائے گی

[illegible]

[illegible]

اداکارہ شبنم اپنے خاوند روبن گھوش کے ہمراہ فوجی عدالت میں بیان دینے آرہی ہیں

[illegible]



"مین آف دی سیریز" جاوید میاں داد اپنے انعام کے ساتھ

For your dining pleasure, THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs
AKBAR'S COURT
384 YONGE ST. at Gerrard
Tel. 595-1725
Fast Take-out and Delivery



OTHER LOCATION
the RAJPUT I
376 Bloor St. W.
921-3679
HOURS: Monday to Saturday
12 noon till midnight
Sunday 5 - 10 p.m.

PHONE: 491-2205

SOLD
MUZAFFAR
491-2205

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
پاکستانی رئیل اسٹیٹ بروکر
نسیم مظفر

MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

150 Consumers Rd. Suite 407
Willowdale, Ontario.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ

کریسنٹ

انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد : ۷ | ۱۴ محرم ۱۳۹۹ھ | ۱۵ دسمبر ۱۹۷۸ء | شمارہ : ۱۷



"کس کو کوں گود میں"

چوری، رہزنی اور زنا کے بارے میں شرعی حدود ۱۲ ربیع الاول سے نافذ

ملکی معاشرت اور معیشت کو اسلامی احکامات کے مطابق بنا دیا جائے: تمام علماء، مشائخ اور دانشور حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کریں

تعزیری قوانین مرحلہ وار سرکاری گزٹ میں شائع کیے جائیں گے: انصاری

عشر اور زکوٰۃ سے موجودہ ٹیکسوں کی نسبت سات گنا زیادہ آمدنی ہوگی

اسلام آباد ـــ (اپ پ) ریڈیو رپورٹ ـ وفاقی وزیر مذہبی امور مولانا ظفر احمد انصاری نے بتایا ہے کہ اسلام کے تعزیری قوانین ...

بعد از انقصال جرائم اور جھاسب کا سکالی بال نو سب اصول لیے بتایا کہ زکوٰۃ اور عشر کی اصل پیداوار بتانی کی دوسری صدی میں گا جوں اور بھی وسائل تین متعلق ہم کرنے کی جائے گی انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کے علاوہ نے بتایا کہ زکوٰۃ و عشر کی وصولی کی آمدنی موجودہ ٹیکس اور ریونیو کی آمدنی سے سات گنا زیادہ ہوگی ... انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام ایسے انقلاب کا علمبردار ہے جو معاشرے کے تمام طبقوں کو مکمل معاشرتی انصاف مہیا کرتا ہے ...

اسلامی ریاست کی حیثیت سے پاکستان کا مستقبل نہایت درخشاں ہے: مولانا عباسی

اسلامی نظام نافذ کرنے کیلئے صدر جنرل ضیاء کے ابتدائی اقدامات پر مختلف حلقوں کی طرف سے اظہار تحسین

حیدرآباد ـــ (اپ پ) جماعت اسلامی سندھ کے امیر مولانا جان محمد عباسی نے صدر جنرل محمد ضیاء الحق کی طرف سے اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ... اسلامی ریاست کی حیثیت سے پاکستان کا مستقبل نہایت درخشاں ہے انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ۱۲ ربیع الاول کے اعلان کے بعد ملک سے بد عنوانی ... جائے گی انہوں نے کہا کہ اب عوام کی انفرادی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی زندگیوں کو اسلامی اصولوں پر استوار کریں اور حقیقی اسلامی روح کو اپنے فرائض ادا کریں ... اسلام نے غریبوں کو معاشرے میں باعزت مقام عطا کیا ہے ... اسلامی ریاست میں عدل و انصاف کی حکمرانی ایک ابدی امر ہے ...

پاکستان قومی اتحاد کے ضلع حیدرآباد کے صدر مولانا عبدالقادر نے قیام صلوٰۃ کے بارے میں صدر ضیاء کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ...

بیگم رعنا لیاقت علی خان کو اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا ایوارڈ دیا جائے گا

کراچی ـــ (اپ پ) بیگم رعنا لیاقت علی خان، بانی رکن آل پاکستان ویمنز ایسوسی ایشن، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کرٹ والڈ ہائیم کی دعوت پر ۱۰ دسمبر کو نیویارک جا رہی ہیں جہاں انہیں انسانی حقوق کی خدمات کے اعتراف کے طور پر اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا ایوارڈ دیا جائے گا۔ وہ ستمبر ۔۔۔ کو واپس کراچی پہنچ جائیں گی۔

پیر پگارا نے صدر ضیا کو اپنے حامی کونسلروں کے ناموں سے آگاہ کر دیا

مسلم لیگ کی تقسیم کی صورت میں اصل مسلم لیگ ہماری ہوگی: پیر صاحب کا موقف

کراچی ـــ (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ مسلم لیگ کے صدر پیر پگارا نے صدر جنرل ضیاء الحق کو مسلم لیگ کے ان کونسلروں کے ناموں سے آگاہ کر دیا ہے جو ان کی حمایت کر رہے ہیں معلوم ہوا ہے کہ پیر پگارا نے خفیہ طور پر صدر کے ذریعے یہ فہرست جنرل ضیا کو پہنچائی ہے۔ صدر ضیاء الحق اور پیر پگارا کے مذاکرات کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ پیر پگارا نے صدر کو کہا ہے کہ مسلم لیگ کے صدر کی حیثیت سے مسلم لیگ کی مجلس عاملہ اور جنرل کونسل کا اجلاس طلب کرنے کا ان کا اقدام قطعی آئینی ہے اور اس کے جواب میں ملک قاسم کی طرف سے طلب کردہ اجلاس مسلم لیگ کے آئین کے مطابق نہیں ہے۔ انہوں نے صدر سے کہا کہ مسلم لیگ کے کونسلروں کی اکثریت ان کے ساتھ ہے البتہ کابینہ میں شامل مسلم لیگی وزراء اور ان کے چند حامی ان کی مخالفت کر رہے ہیں ...

شاہ خرج مسعود خان کی ایک سال میں دوسری گرفتاری

جرمانہ ادا نہیں کیا اور تماشا لگانے کی دھمکی دی

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل
336 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....
Address ....
Postal Code ....
Telephone No. ....